سال کے موسم

ورک شیٹ برائے سبق ۱۰

آنے والے وقت کو ''مستقبل'' کہتے ہیں۔ جس طرح حال کے جملوں میں ''ہے'' یا ''ہیں'' استعمال کرتے ہیں اور ماضی کے جملوں میں ''تھا''، ''تھی'' یا ''تھے'' استعمال کرتے ہیں، اسی طرح مستقبل کے جملے کہتے یا لکھتے ہوئے واحد کے لیے ''گا'' یا ''گی'' اور جمع کے لیے ''گے'' استعمال کرتے ہیں۔

۱۔ دیے گئے جملوں میں درست لفظ استعمال کیجیے۔

(ا) میں کل بھی اسکول آؤں ________۔ (ہے، گا، تھا)

(ب) جون اور جولائی کے مہینے گرمیوں میں آئیں ________۔ (ہے، گے، تھے)

(ج) دسمبر کے مہینے میں سردی ہو ________۔ (ہے، تھی، گی)

(د) ہم رمضان میں روزے رکھیں ________۔ (گے، گا، گی)

(ہ) اچھے کام کرنے والا جنّت میں جائے ________۔ (تھا، گا، گے)

(و) گرمیوں میں چھٹّیاں ہوں ________۔ (تھی، گی، ہے)

(ز) بہار کے موسم میں پھول کھلیں ________۔ (گے، ہے، تھے)

(ح) دسمبر میں سال مکمل ہو جائے ________۔ (ہے، گا، تھا)

(ط) ہمارے شہر میں بارش ہو ________۔ (تھی، ہے، گی)